پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

18 ستمبر، 2017

# ریزرو بینک آف انڈیا نے لوک سیوا سہکاری بینک لمٹیڈ، پونہ مہاراشٹر کا لائسنس منسوخ کر دیا

آر بی آئی نے اپنے 14 ستمبر 2017 کے آرڈر کے ذریعہ لوک سیوا سہکاری بینک لمٹیڈ، پونہ، مہاراشٹر کا بینکنگ کاروبار کرنے کا لائسنس 18 ستمبر 2017 کام کے اوقات کے اختتام سے (لاگو) منسوخ کر دیا ہے۔ دی رجسٹرار آف کوآپریٹیو سوسائٹیز، مہاراشٹر سے بھی التجا کی گئی ہے کہ وہ اس بینک کو بند کر دیں اور بینک کے لئے ایک لکوئیڈیٹر کی تقرری کریں۔

ریزرو بینک نے مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر اس بینک کا لائسنس منسوخ کیا ہے۔

i. بینک کے پاس موزوں سرمایہ نہیں ہے اور نہ ہی اس کی آمدنی کے کوئی ذرائع ہیں لہٰذا وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (I)11 اور سیکشن (d)(3)22 جس کو سیکشن 56 کے ساتھ پڑھا جائے کی تعمیل کرنے سے قاصر ہے۔

ii. موجودہ وقت میں بینک اس حالت میں نہیں ہے کہ وہ اپنے ڈپازٹرس کو ان کی ضرورت کے مطابق رقم ادا کر سکے اس طرح وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (a)(3)22 و سیکشن 56 کے ضابطوں کی تعمیل کرنے سے قاصر ہے۔

iii. بینکنگ معاملات کو جس طرح سے انجام دیا جا رہا ہے وہ موجودہ ڈپازٹرس و مستقبل کے ڈپازٹرس کے مفاد کی تکمیل نہیں کر سکتے ہیں۔ اس طرح وہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 سیکشن (b)(3)22 و سیکشن 56 میں موجود ضابطوں کی تعمیل میں قاصر ہے۔

iv. بینک کو بہت وقت دیا گیا اس کی مالی حالت سدھارنے کے لئے لیکن اس کی مالی حالت بہت خراب ہو چکی ہے۔ اور اس کی بہتری کی کوئی امید بھی نہیں ہے۔

v. بینک نے اپنی کیپٹل کی بہتری کوئی بھی مثبت کوشش نہیں کی اور نہ مالیاتی اسٹرکچر کی بہتری کے لئے کیا اور نہ ہی اس کے پاس کوئی ٹھوس پلان ہے اور نہ ہی اس نے کسی دوسری بینک میں اپنے کو ضم کرنے کے لئے کوئی سنجیدگی ہمیں دکھائی۔ آر بی آئی کے ذریعہ 31 مارچ 2014، اور 31 مارچ 2015 کو اس بینک کے انسپکشن کے دوران اس کی مالی حالت میں لگاتار کمی ہوتی دکھائی دی۔ اس بینک کے مینجمنٹ کا اپنے صارفین اور ڈپازٹرس کی طرف رویہ بھی اطمینان بخش نہیں رہا۔ مینجمنٹ نے عوامی مفاد اور اپنے ڈپازٹرس کے مفاد کو بالکل بھی ترجیح نہیں دی۔

vi. اگر بینک کو چالو رکھنے کی اجازت بھی دے دی جائے تو کوئی مقصد حاصل نہیں ہوگا (بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (e)(3)22 کے اجازت دینا) بلکہ اس کو جاری رکھنے سے بینک کا روبار بری طرح سے متاثر ہوگا۔

2. لوک سیوا سہکاری بینک لمٹیڈ ، پونہ، مہاراشٹر لائسنس منسوخ ہونے کی وجہ سے اس کی فوری طور سے بینکنگ کاروبار سے روک دیا گیا ہے جس میں شامل ہوتا ہے عوام سے ڈپازٹس قبول کرنا اور اس کی ادائیگی جیسا کہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (b)5 اور سیکشن 56 میں بتایا گیا ہے۔

3. لائسنس کی منسوخی اور لکویئڈیشن کی کاروائی کی شروعات، ڈی آئی سی جی سی ایکٹ 1961 کے مطابق ڈپارٹرس کو ان کی رقم کی ادائیگی کی شروعات کردی جائے۔ لکویئڈیشن ہونے پر بینک کے ہر گاہک کو ڈپازٹ انشورنس اینڈ کریڈٹ گارنٹی کارپوریشن ( ڈی آئی سی جی سی ) کی جانب سے شرائط کے مطابق ایک لاکھ روپیہ تک ڈپازٹرس حاصل کرنے کے حقدار ہوتے ہیں۔

**پریس ریلیز**766/2017-18

**انیرودھا ڈی ۔ جادھو**

**اسسٹنٹ منیجر**